فوری ریلیز کے لیے: 20/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے BARILLA کی لیونگسٹن کاؤنٹی مینوفیکچرنگ فیسلٹی کے لیے تقریباً $170 ملین کی دو مرحلوں پر مشتمل توسیع کا اعلان کیا

دنیا بھر میں معروف پاستا ساز نے ٹاؤن آف ایون میں اپنی دیرینہ سہولت پر پروجیکٹ کی مدت کے دوران 90 سے زیادہ نئی ملازمتیں پیدا کرنے کا عزم کیا

NYS کی سرمایہ کاری، کمیونٹیز کو نئی زندگی دینے اور زرعی کاروبار کی معاونت کرنے والے نیز مینوفیکچرنگ انڈسٹریز کو آگے بڑھانے والے پروجیکٹس کے ذریعے معیشت کو فروغ دینے کے لیے علاقائی طور پر تیار کردہ جامع حکمت عملی کی تکمیل کرتی ہے

فیسلٹی کی تصویر یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج خشک پاستا بنانے والی مشہور کمپنی Barilla کی ٹاؤن آف ایون، لیونگسٹن کاؤنٹی میں واقع مینوفیکچرنگ فیسلٹی کے لیے دو مرحلوں پر مشتمل ایک بڑے توسیعی منصوبے کا اعلان کیا۔ کمپنی پروجیکٹ کے پہلے مرحلے میں $145 ملین کی سرمایہ کاری کرے گی، جس میں اپنے مینوفیکچرنگ آپریشنز کو وسعت دینے کے لیے 52,000 مربع فٹ کی ایک نئی مرکزی عمارت کی تعمیر شامل ہوگی، جس میں ایک نئی پروڈکشن لائن اور تین پیکیجنگ لائنز بھی شامل ہیں۔ توسیع شدہ پیداوار کے ذخیرے اور تقسیم کے لیے ایک اضافی ویئر ہاؤس فیسلٹی بھی تعمیر کی جائے گی۔ اضافی جگہ مستقبل کے دوسرے مرحلے میں دوسری لائن کی تنصیب کی اجازت دے گی، جس میں اضافی سرمایہ کاری شامل ہے۔ توسیع کے دونوں مراحل مکمل ہونے کے بعد Barilla کو 90 سے زیادہ نئی ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔ یہ 2006 میں کی گئی ابتدائی $75 ملین کی سرمایہ کاری کا تسلسل ہے جس کے بعد 2007 میں سہولت کا افتتاح ہوا جس نے خطے میں تقریباً 145 ملازمتیں پیدا کیں اور برقرار رکھیں۔

"Barilla جیسے شراکت داروں کے ساتھ انقلابی پروجیکٹس میں اپنی مسلسل سرمایہ کاری کے ذریعے، ہم ریاست بھر میں کلیدی انڈسٹریز کو فروغ دے رہے ہیں اور نیو یارک کے باشندوں کے لیے مزید ملازمتیں پیدا کر رہے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہ مسلسل شراکت داری خطے کے عظیم زرعی اثاثوں اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری کو نمایاں کرنے میں مدد دے گی اور کمیونٹیز کو مسلسل نئی زندگی دینے اور ریاست بھر میں اقتصادی ترقی پیدا کرنے کے لیے میری انتظامیہ کی کوششوں کو آگے بڑھائے گی۔"

Barilla، دنیا کی معروف پاستا ساز کمپنی، 100 سے زیادہ ممالک میں کام کرتی ہے اور 10 ممالک میں 30 پروڈکشن سائٹس رکھتی ہے جہاں مختلف اقسام کے پاستا، ساسز اور بیکری آئٹمز تیار کیے جاتے ہیں۔ Barilla کی بنیاد تقریباً 150 سال قبل اٹلی کے شہر پارما میں رکھی گئی تھی اور یہ 2007 سے ٹاؤن آف ایون کے مقام پر فعال ہے۔ امریکہ میں فروخت ہونے والی کمپنی کی منتخب مصنوعات لیونگسٹن کاؤنٹی سائٹ کے ساتھ ساتھ آئیووا میں ایک فیسلٹی پر بھی تیار کی جاتی ہیں۔ کمپنی دنیا بھر میں تقریباً 9,000 ملازمین کو روزگار فراہم کرتی ہے۔

Barilla Americas کے سپلائی چین کے نائب صدر Fabio Pettenari (فیبیو پیٹناری) نے کہا، "یہ توسیع امریکہ میں ہماری مسلسل ترقی کے حوالے سے ایک اہم قدم ہے اور ٹاؤن آف ایون کے لیے ہمارے عزم کو نمایاں

کرتی ہے۔ اپنی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر کے، ہم نہ صرف اپنے کاروبار میں بلکہ اس کمیونٹی کے مستقبل میں بھی سرمایہ کاری کر رہے ہیں جہاں ہم برسوں سے فخر کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ یہ توسیع ہمیں اپنی شمالی امریکی سپلائی چین کو مضبوط بنانے اور CO2 اخراج کو سالانہ تقریباً 3,000 ٹن کم کرنے کے قابل بھی بناتی ہے۔"

Barilla Americas کی صدر Melissa Tendick (میلیسا ٹینڈک) نے کہا، "اپنے اطالوی ورثے سے جڑے رہتے ہوئے، ہم اپنے امریکی صارفین کی ضروریات پوری کرنے کے لیے جدت اور ارتقا کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ توسیع بڑھتی ہوئی ڈیمانڈ پوری کرنے کی ہماری صلاحیت کی معاونت کرتی ہے جبکہ ہماری توجہ اس چیز پر برقرار رہتی ہے جو سب سے اہم ہے، یعنی اعلیٰ معیار کا پاستا فراہم کرنا جسے صارفین جانتے ہیں اور جس پر اعتماد کرتے ہیں۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) کمپنی کے ملازمتیں پیدا کرنے کے عزم کے بدلے میں کارکردگی پر مبنی ایکسیلسیئر جابز ٹیکس کریڈٹ پروگرام (Excelsior Jobs Tax Credit Program) کے ذریعے $2.75 ملین تک کی معاونت سے اس پروجیکٹ کی حمایت کر رہی ہے۔ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی بھی معاونت پر غور کر رہی ہے۔ نیشنل گرڈ (National Grid)، راچسٹر گیس اینڈ الیکٹرک (Rochester Gas and Electric)، لیونگسٹن کاؤنٹی اور گریٹر راچسٹر انٹرپرائز (Greater Rochester Enterprise) بھی توسیعی پروجیکٹ میں معاونت کر رہے ہیں۔ کمپنی کو توقع ہے کہ پروجیکٹ کا پہلا مرحلہ مارچ 2028 تک مکمل ہو جائے گا۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ESD کی اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں ضروری انڈسٹریز کو مضبوط بنا رہی ہیں اور کمیونٹیز کو وہ بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے میں مدد دے رہی ہیں جو ان کاروباروں کی حوصلہ افزائی اور معاونت کے لیے درکار ہے۔ Barilla Pasta کا اپنے لیونگسٹن کاؤنٹی آپریشنز کو نمایاں طور پر وسعت دینے کا فیصلہ ان سرکاری و نجی شراکت داریوں کی اہمیت کو مزید مضبوط کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی ملازمتیں پیدا کرتی ہیں اور فنگر لیکس کے لیے اور ریاست بھر میں نئی اقتصادی ترقی پیدا کرتی ہیں۔"

ایون ٹاؤن سپروائزر اور لیونگسٹن کاؤنٹی بورڈ آف سپروائزرز کے چیئرمین David L. LeFeber (ڈیوڈ ایل لی فیبر) نے کہا، "Barilla تقریباً دو دہائیاں قبل یہاں ایون میں پہلی بار اپنے آغاز کے بعد سے لیونگسٹن کاؤنٹی میں اقتصادی ترقی کا محرک رہی ہے۔ ہم اس توسیع کے لیے فنڈنگ میں ریاست کی معاونت کے شکر گزار ہیں، جو Barilla کی مسلسل کامیابی کو تقویت دے گی اور ہمارے رہائشیوں کو آنے والے برسوں تک اعلیٰ معیار کی ملازمتیں فراہم کرے گی۔"

Avangrid کی ڈپٹی CEO محترمہ Kim Harriman (کم ہیری مین) نے کہا، "Avangrid میں، ہم وہاں روابط کو توانائی فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں جہاں وہ سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ Barilla کی توسیع اس اہم کردار کو نمایاں کرتی ہے جو قابل استطاعت اور قابل اعتماد توانائی تک رسائی ریاست نیو یارک بھر میں اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے میں ادا کرتی ہے۔ تخلیقی حل اور مضبوط تعاون کے ذریعے، اس پروجیکٹ کو عملی جامہ پہنایا جا سکا جس سے ملازمتیں پیدا ہوئیں اور مقامی کمیونٹیز کو ترقی کرنے میں مدد ملی۔"

نیشنل گرڈ کے ریجنل Ken Kujawa (کین کوجاوا) نے کہا، "Barilla کی لیونگسٹن کاؤنٹی میں مسلسل سرمایہ کاری ایسی دور اندیش ترقی کی عکاسی کرتی ہے جو کمیونٹیز کو مضبوط بناتی ہے اور پورے خطے میں دیرپا اقتصادی اثر پیدا کرتی ہے۔ نیشنل گرڈ کو اپنے اقتصادی ترقی کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایسے پروجیکٹس کی معاونت کرنے پر فخر ہے جو مینوفیکچررز کو ترقی کرنے، کارکردگی بہتر بنانے اور نیو یارک کی مضبوط مینوفیکچرنگ بنیاد کو آگے بڑھانے میں مدد دیتے ہیں۔"

لیونگسٹن کاؤنٹی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ ایجنسی (Livingston County Industrial Development Agency) کے ڈائریکٹر William Bacon (ولیم بیکن) نے کہا، "لیونگسٹن کاؤنٹی کو Barilla کی مسلسل ترقی

اور ٹاؤن آف ایون کے لیے اس کے گہرے عزم کی معاونت کرنے پر بے حد فخر ہے۔ یہ عظیم سرمایہ کاری نہ صرف زرعی کاروبار اور جدید مینوفیکچرنگ میں قائد کی حیثیت سے ہماری پوزیشن کو مزید مضبوط کرتی ہے، بلکہ ہماری مقامی افرادی قوت کے لیے تقریباً 100 اعلیٰ معیار کی ملازمتیں بھی پیدا کرتی ہے۔ Barilla 2007 سے ایک غیر معمولی کمیونٹی شراکت دار رہی ہے، اور یہ توسیع یقینی بناتی ہے کہ ہمارا خطہ آنے والی دہائیوں تک عالمی فوڈ مینوفیکچرنگ کا ایک اہم مرکز رہے گا۔"

گریٹر راچسٹر انٹرپرائز کے صدر اور CEO جناب Matt Hurlbutt (میٹ ہرل بٹ) نے کہا، "ہمیں خوشی ہے کہ Barilla نے زیادہ لاگت کے بغیر خطے کی غیر معمولی فوڈ اور بیوریج مینوفیکچرنگ مہارت، افرادی قوت اور شمال مشرق کی بڑی مارکیٹس سے قربت سے مسلسل فائدہ اٹھانے کے لیے گریٹر راچسٹر، نیو یارک میں توسیع کا انتخاب کیا۔ گریٹر راچسٹر انٹرپرائز نے ریاستی اور مقامی اقتصادی ترقی کے شراکت داروں کے ساتھ ساتھ یوٹیلٹی اور ریل شراکت داروں کے ساتھ تعاون کیا تاکہ ایک جامع ترغیبی پیکیج تیار کیا جا سکے، جس سے یہ یقینی بنایا جا سکے کہ توسیع کا یہ مسابقتی موقع گریٹر راچسٹر، نیو یارک کے خطے میں آگے بڑھے۔ Barilla تقریباً 20 سال قبل GRE کی کاروباری کشش کی اولین کامیابیوں میں سے ایک تھی۔ لیونگسٹن کاؤنٹی میں اس عالمی سطح پر اہم پاستا مینوفیکچرر کی ترقی کی مسلسل معاونت کرنا باعث اطمینان ہے۔"

Barilla گروپ کے بارے میں

Barilla ایک فیملی کاروبار ہے، اسٹاک ایکسچینج میں درج نہیں ہے، اور اس کی سربراہی تین بھائی Guido Barilla (گوئیڈو باریلا)، Luca Barilla (لوکا باریلا) اور Paolo Barilla (پاؤلو باریلا) کرتے ہیں۔ اس کی بنیاد ان کے پردادا Pietro Barilla (پیٹرو باریلا) نے رکھی تھی جنہوں نے 1877 میں Parma میں ایک بیکری کھولی تھی۔ آج، Barilla اٹلی اور دنیا بھر میں اپنی غذائی مصنوعات کے معیار کے لیے مشہور ہے۔ اپنے برانڈز، Barilla، Mulino Bianco، Pan di Stelle، Gran Cereale، Harrys، Pavesi، Wasa، Filiz، Yemina، Misko، Voiello، First، Catelli، Artisia، Back to Nature اور Pasta Evangelists کے ساتھ، یہ میڈیٹیرینین ڈائٹ اور اطالوی طرز زندگی سے متاثر مزیدار، بھرپور اور صحت بخش غذائیت کی حمایت کرتی ہے۔ جب Pietro (پیٹرو) نے تقریباً 150 سال قبل اپنی دکان کھولی تھی تو بنیادی مقصد اچھا کھانا بنانا تھا۔ یہ اصول اب Barilla کے کاروبار کرنے کا طریقہ بن چکا ہے، جہاں تقریباً 9,000 افراد کمپنی کے لیے کام کر رہے ہیں اور ایک ایسی سپلائی چین موجود ہے جو معیار کے لیے اس کی اقدار اور جذبے میں شریک ہے۔ گروپ کا عزم لوگوں کو وہ خوشی فراہم کرنا ہے جو اچھا اور عمدگی سے تیار کردہ کھانا انہیں دے سکتا ہے جسے جہاں تک ممکن ہو، ذمہ دار سپلائی چینز سے حاصل کردہ منتخب اجزا کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے تاکہ ایک بہتر حال اور مستقبل میں حصہ ڈالا جا سکے۔ 1987 سے، ایک تاریخی آرکائیو کمپنی کی تاریخ جمع اور محفوظ کر رہا ہے جو اب پورٹل میوزیم کے ذریعے سب کے لیے دستیاب ایک وسیلہ ہے: www.archiviostoricobarilla.com۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.barillagroup.com؛ X: @barillagroup؛ LinkedIn: Barilla Group; Instagram: @barillapeople

فنگر لیکس میں اقتصادی ترقی کی رفتار تیز تر کرنا

آج کا یہ اعلان "فنگر لیکس فارورڈ (Finger Lakes Forward)" کو مزید مہمیز دے رہا ہے جو مضبوط معاشی ترقی اور علاقائی ترقی کے لیے اس خطے کی جامع حکمتِ عملی کا عکاس اور مظہر ہے۔ خطہ جاتی سطح پر ڈیزائن کردہ یہ منصوبہ اہم صنعتوں بشمول فوٹونکس، زراعت و غذائی پیداوار، اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں معلومات

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اقتصادی ترقی کے شعبے میں نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر ایک میں اپنے دفاتر کے ساتھ، ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کاؤنسلز کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ مساوات کو سپورٹ کرتا ہے، اور آفس آف اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت کو بڑھا رہی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً ریاست نیو یارک میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور

سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ مصروفِ عمل رہتی ہے، چھوٹے کاروباری اداروں کو بڑھنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے عالمی معیار کے سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم esd.ny.gov ملاحظہ کریں، اور ESD کے ساتھ LinkedIn، Facebook، اور X پر منسلک ہوں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں